کردیا گیا ہے، تخریج کا یہ مشکل کام دارالعلوم حقانیہ کے ایک ہونہار فرزند مولانا مفتی محمد اسامہ حقانی نے کیا جنہوں نے دارالعلوم کے شعبہ تخصص فی الفقہ والافتاء سے فراغت حاصل کی اوراب اسی شعبہ کے مشرف اساتذہ کے معاون اور نائب ہیں۔ طباعتی جاں گسل مراحل کی ذمہ داریاں برخوردارم مولانا عرفان الحق اظہار حقانی، استاد جامعہ دارالعلوم حقانیہ انجام دیئے۔ فتاویٰ کے اس مجموعہ (چھ مجلدات) میں ۲۰۰۲ء، ۱۴۲۲ھ تک کے فتاویٰ شامل تھے، اسکے بعد چودہ پندرہ سال میں ایک بڑی تعداد کا اضافہ ہوگیا ہے،جنکی ترتیب وتدوین کا کام جاری ہے اور بہت جلد تکملہ فتاویٰ حقانیہ کی شکل میں مزید جلدیں بھی شائع ہونگی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس مجموعہ کو تاقیامت افادہ واستفادہ اور رہنمائی خلق خدا کا ذریعہ بنادے اوراسکے مفتیان کرام اور مرتبین کی محنتوں کوانکے حق میں صدقہ جاریہ بنادے اور ترتیب و تدوین ،تخریج وتنقیح ،انتخاب وتحقیق میں حصہ لینے والے تمام حضرات کو دارین میں اسکا صلہ عطا فرماوے۔ یہ سارا کام محض توفیق خداوندی اور فضل ایزدی کا نتیجہ ہے،ایک بارپھر قارئین سے گزارش ہے کہ مہماامکن عبارات کی اصلاح اورغلطیوں کے تدارک کی سعی کی گئی ہے مگراسکے بعدبھی کہیں جواب میں یا عبارت میں غلطی نظرآئے تواسکی نشاندہی کی جائے تاکہ آئندہ اس کا ازالہ کیا جاسکے۔ اللہ تعالیٰ دارالعلوم کے برگزیدہ اساتذہ،مشائخ ومفتیان کرام کی اس علمی کاوش کوانکے دارین میں رفع درجات کا ذریعہ بنادیا۔

(۲) دعواتِ حق (۴ جلدیں)

الحمدللہ عزوجل کہ حضرت شیخ الحدیث سیدی ووالدی مولانا عبدالحق قدس سرہ کے خطبات ومواعظ ''دعواتِ حق'' کا مجموعہ جواس سے قبل دوجلدوں پر مشتمل تھا،اب نئے پیرایہ میں چارجلدوں میں شائع ہورہا ہے، پہلے ایڈیشن خوشنویسوں کی کتابت اور طباعت سے ہوئی تھی جبکہ اب کمپیوٹر کی کمپوزنگ نے دنیاکو یکسرتبدیل کردیا ہے اور کتابوں کو اس کے ذریعہ استفادہ اورمطالعہ کوسہل الحصول بنادیا ہے جو کمپوز شدہ مطبوعات سے ہی ممکن ہے،اس کے علاوہ ان مواعظ کے احادیث وآثاروواقعات اورمضامین کی تحقیق ،مآخذ کی مراجعت اورتخریج کا کماحقہ حق ادانہیں ہوسکاتھا، اب پیش نظر چاروں جلدوں کی حتی الوسع تخریج ومراجعت کردی گئی ہے،اگرچہ ہروعظ کے اہم مباحث کی نشاندہی عنوانات اور ذیلی سرخیوں کے ذریعہ کردی گئی تھی مگراب اس کی مزید نشاندہی مزید عنوانات کے ذریعہ کردی گئی ،اس سلسلہ میں موتمرالمصنفین سے وابستہ ٹیم میں مولانا محمد اسلام حقانی ،مولانا راحت نیاز حقانی،مولانا اسداللہ حقانی، جناب بابر حنیف ،جناب فضل حیٔ آصف ، برخوردارم مولانا عرفان الحق اظہارحقانی میں سے ہرایک نے پروف ریڈنگ سے لے کر طباعت تک کے مراحل میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔